سوال نمبر: 276

منجانب جناب سردار حسین بابک صاحب، رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر معدنیات ارشاد فرمائیں گے کہ

سوال	جواب
(ا) محکمہ معدنیات ضلع بونیر کی سالانہ آمدنی کتنی ہے سال 2013 سے 2018 تک آمدنی کی تفصیل ایرَوائز فراہم کی جائے نیز محکمہ کی طرف سے معدنیات کے علاقوں میں کیے گئے ترقیاتی کاموں کی تفصیل بھی فراہم کی جائے۔	سال 2013 سے 2018 تک ضلع بونیر سے معدنیات کی مد میں اوسط سالانہ آمدنی 112770294 روپے ہے۔ ائیر وائیز تفصیل درج ذیل ہے۔ سال — حاصل شدہ رقم 2013-14 — 46891420/- روپے 2014-15 — 66145102/- روپے 2015-16 — 121892618- روپے 2016-17 — 167582749/- روپے 2017-18 — 161339583/- روپے ضلع بونیر میں محکمہ کی طرف سے جو ترقیاتی کام کیے گئے ہیں اُس کی تفصیل درج ذیل ہے۔ 1۔ تورورسک تا طالع آباد 2 کلومیٹر روڈ 8.156 ملین روپے لاگت سے بنائی گئی۔ 2۔ غاخے تا طالع آباد 2 کلومیٹر روڈ 7.942 ملین روپے لاگت سے بنائی گئی۔ 3۔ شاہوتا تورورسک ایک کلومیٹر روڈ 5.236 ملین روپے لاگت سے بنائی گئی۔ 4۔ پٹوراھا تا تورورسک ایک کلومیٹر روڈ 5.822 ملین روپے لاگت سے بنائی گئی۔ نیز مزدوروں کی فلاح و بہبود کیلئے جو اقدامات اٹھائے گئے ہیں اسکی تفصیل درج ذیل ہے: ا۔ صحت کی مد میں دو عدد ڈسپنسریاں بمقام بموخہ اور باغ قائم کی گئی ہیں جو کانوں میں کام کرنے والے مزدوروں کو علاج معالجہ کی مفت سہولت فراہم کرتی ہے۔